نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے کپاس کی جڑی بوٹیوں کے تدارک بارے ایڈوائزری جاری کردی

لاہور: **02** جون **2026**: ایڈوائزری میں کپاس کے کاشتکاروں کو کہا گیا ہے کہ فصل میں جڑی بوٹیاں اگنے کے بعد خوراک میں حصہ دار بن جاتی ہیں اوراس کے ساتھ ساتھ کیڑوں کی پناہ گاہ بھی ثابت ہوتی ہیں۔اس لئے کاشتکار گوڈی کر کے یا ہاتھ کے ساتھ جڑی بوٹیاں تلف کر دیں۔اگر جڑی بوٹیاں زیادہ تعداد میں ہوں تو محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے سفارش کردہ جڑی بوٹی مار سپرے کریں اور فلیٹ فین نوزل استعمال کریں۔ پانی کی مقدار 100 تا 120 لیٹر فی ایکڑ استعمال کریں۔ایسی زہریں جن کے استعمال سے فصل کو نقصان پہنچے کا اندیشہ ہو شیلڈ لگا کر سپرے کریں۔اس کے علاوہ کپاس کی آبپاشی کا وقفہ واٹر سکاؤٹنگ کر کے کم یا زیادہ کیا جا سکتا ہے۔لائنوں میں کاشتہ کپاس کی فصل کو 12 تا 15 دن کے وقفے سے آبپاشی کریں جب کہ پٹڑیوں پر کاشتہ کپاس کی فصل کو 15 دن بعد پانی لگائیں اور بقیہ پانی بھی 15 دن کے وقفے سے لگائیں۔

(ترجمان محکمہ زراعت پنجاب)

☆☆☆☆